

# امیدواروں کے لیے معلومات

ٹیسٹ دینے والے امیدواروں
سے IELTS کا تعارف

IELTS™

www.britishcouncil.pk
/IELTS.BritishCouncilPakistan

BRITISH COUNCIL

British Council is a proud co-owner of IELTS

# ایسا ٹیسٹ جو دنیا بھر کے دروازے آپ کے لیے کھول دیتا ہے۔

اس کتابچے میں وہ تمام معلومات درج ہیں جو آپ کے IELTS ٹیسٹ کی تیاری میں معاون ثابت ہوتی ہیں۔

IELTS انٹرنیشنل انگلش لینگویج ٹیسٹنگ سسٹم کا مخفف ہے۔ یہ خاص طور پر ایسے لوگوں کی انگریزی کی صلاحیتوں کو جانچنے کے لیے مرتب کیا گیا ہے جو ان ممالک میں تعلیم یا کام کی غرض سے جانا چاہتے ہیں جہاں بول چال کے لیے انگریزی زبان رائج ہے۔

IELTS دنیا بھر میں 9,000 سے زائد جامعات، آجروں، پیشہ ورانہ باڈیز، امیگریشن اتھارٹیز اور سرکاری ایجنسیوں میں تسلیم کیا جاتا ہے۔ وہ ادارے جہاں IELTS تسلیم کیا جاتا ہے ان کی فہرست کے لیے ملاحظہ کریں www.ielts.org/recognition

## آسان اور قابلِ رسائی

IELTS ٹیسٹ دنیا کے 140 سے زائد ممالک میں ہر ماہ 4 مرتبہ لیا جاتا ہے۔ اس مقصد کے لیے ہفتہ اور جمعرات کے دن مخصوص ہیں۔ اپنے علاقے میں IELTS کی تاریخ جاننے کے لیے قریبی IELTS مرکز پر رابطہ کریں یا دنیا بھر میں IELTS ٹیسٹ کی لوکیشن معلوم کرنے کے لیے ملاحظہ کریں www.ielts.org

## بین الاقوامی ٹیسٹ

IELTS بین الاقوامی سطح پر اپنے content (مواد) پر توجہ مرکوز رکھتا ہے۔ جیسے: ٹیسٹ کا تمام تر مواد اور ٹاسک دنیا بھر کے انگریزی بولنے والے ممالک کی مطبوعات سے لیا جاتا ہے۔ انگریزی زبان کے تلفظ کی رینج (نارتھ امریکن، آسٹریلین، نیوزی لینڈ، برٹش) ٹیسٹ کے ایک حصے (لسننگ) میں شامل ہیں۔ ٹیسٹ دینے والا اپنے تحریری اور بول چال کے امتحان میں جو بھی معیاری انگریزی تلفظ استعمال کرے وہ قابلِ قبول ہے۔

## ایک آزمودہ اور قابلِ بھروسہ ٹیسٹ

IELTS کو دنیا بھر میں انگریزی زبان کے ایسے ایکسپرٹس نے تیار کیا ہے جو زبان کو جانچنے کے عمل میں مہارت رکھتے ہیں۔ یہ عمل تحقیق، توثیق اور ٹیسٹ ڈویلپمنٹ کے مراحل سے گزرتا ہے۔

## ٹیسٹ کا لیول

IELTS انگریزی زبان کی تمام مہارت جانچنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ اس میں پاس یا فیل نہیں ہوتے۔ یہ اس مہارت کے لیول کی نشاندہی کرتا ہے جو آپ کو انگریزی زبان پر حاصل ہے۔ نتائج بینڈز کی صورت میں دیئے جاتے ہیں۔ بینڈ 1 سب سے کم اور بینڈ 9 سب سے زیادہ ہے۔

## IELTS بینڈ اسکور اسکیل

| | |
|---|---|
| 9 | ایکسپرٹ صلاحیتیں |
| 8 | بہت اچھی صلاحیتیں |
| 7 | اچھی صلاحیتیں |
| 6 | صلاحیت موجود ہے |
| 5 | معمولی استعمال کی صلاحیت |
| 4 | محدود استعمال کی صلاحیت |
| 3 | بہت محدود استعمال کی صلاحیت |
| 2 | صلاحیت بالکل نہیں ہے |
| 1 | ٹیسٹ کرنے کی کوشش نہیں کی |

# اپنے ٹیسٹ کی تیاری کریں

## اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ اپنی انگریزی کی صلاحیتوں کا مظاہرہ کرنے کے لیے تیار ہیں۔

1 اس کتابچے کا بغور مطالعہ کریں تا کہ آپ کو ٹیسٹ کے طریقہ کار کی مکمل تفصیلات معلوم ہو جائیں۔ اگر آپ ٹیسٹ کی ترتیب، سوالات اور سوالات کی نوعیت وغیرہ کے بارے میں مزید جاننا چاہتے ہیں تو اس سلسلے میں ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔
www.ielts.org/testtakers

2 بطور نمونہ (sample) سوالات کے لیے ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔
www.ielts.org/samples

3 آفیشل IELTS پریکٹس میٹریل کے 2 عدد والیوم ٹیسٹ مراکز یا ویب سائٹ www.ielts.org/testtakers سے خریدے جا سکتے ہیں۔ اس ٹیسٹ میٹریل میں مکمل پریکٹس ٹیسٹ بمعہ جوابات، تحریری اور بول چال ٹیسٹ کے سیمپل اور ممتحن کے تبصرے شامل ہیں۔

4 ٹیسٹ میں بہتر کارکردگی کے لیے ٹیسٹ کی تیاری کے کورس کے بارے میں غور کریں۔ دنیا بھر میں IELTS ٹیسٹ سینٹرز اور لینگویج اسکولز IELTS ٹیسٹ تیاری کے لیے کورس آفر کرتے ہیں۔

## مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں۔

www.ielts.org
www.britishcouncil.org/takeielts
www.ieltsessentials.com/prepare
www.cambridgeenglish.org/ielts
www.ielts.org/usa

## IELTS کے قوائد وضوابط کے بارے میں جانیں۔

آپ کے لیے بہت ضروری ہے کہ IELTS کے قوائد وضوابط سے پوری طرح واقف ہوں۔ قوائد وضوابط درخواست فارم میں شامل Notice to Candidate اور Declaration میں درج کیے گئے ہیں۔ جب آپ درخواست فارم کا ڈکلریشن سائن کرتے ہیں، یا آن لائن شرائط وضوابط کو تسلیم کرتے ہیں تو آپ اس بات کی تصدیق کرتے ہیں کہ آپ IELTS کے قوائد وضوابط پڑھ اور سمجھ چکے ہیں اور ان پر عمل کرنے کے لیے رضامند ہیں۔

## رجسٹریشن جتنی جلدی ممکن ہو کروالیں۔

جب آپ کو محسوس ہو کہ آپ ٹیسٹ کے لیے بالکل تیار ہیں تو IELTS سینٹر میں ٹیسٹ کی تاریخ کے لیے خود کو رجسٹر کروالیں۔ مخصوص تاریخ پر ٹیسٹ دینے والوں کی تعداد محدود بھی ہو سکتی ہے، اس لیے جتنی جلدی ممکن ہو سکے سینٹر سے رابطہ کریں۔ رجسٹریشن کے لیے آپ کو ٹیسٹ فیس کی ادائیگی کرنی ہوتی ہے۔

## کسی خاص ضرورت کی صورت میں اپنے ٹیسٹ مرکز کو آگاہ کریں۔

ٹیسٹ میں شریک تمام امیدواروں کی قابلیت کو منصفانہ طور پر جانچنے کے لیے اس بات کو یقینی بنایا جاتا ہے کہ امیدواروں کو وہ تمام سہولیات فراہم کی جائیں جو انہیں درکار ہیں۔ ان میں سماعت، بصارت اور سیکھنے کی مخصوص مشکلات شامل ہیں۔

اگر آپ ٹیسٹ کے انداز میں کسی قسم کا ردوبدل کروانا چاہتے ہیں جیسے بڑے سائز کا پرنٹ یا Braille Version وغیرہ تو اس صورت حال میں آپ سینٹر کو ٹیسٹ کی تاریخ سے کم از کم 3 ماہ قبل آگاہ کریں۔ یہ نوٹس پیریڈ نہایت ضروری ہے تاکہ آپ کی ضرورت کے مطابق ٹیسٹ کا انتظام کیا جا سکے۔ اگر آپ کو اپنے حالات کی وجہ سے خصوصی انتظامات (جیسے اضافی وقت)، کسی مخصوص ٹیکنالوجی تک رسائی (جیسے اسکرین ریڈر وغیرہ) درکار ہے تو اس صورت حال میں ٹیسٹ مرکز کو کم از کم 6 ہفتے قبل آگاہ کریں۔ اپنی ایسی تمام تر ضروریات کے لیے ٹیسٹ سینٹر سے رابطہ کریں۔ اس سلسلے میں تمام تر خصوصی انتظامات Joint Council for Qualifications (JCQ) کی اجازت سے مشروط ہیں۔

## ٹیسٹ فارمیٹ

آپ 2 موڈیولز میں سے کسی ایک کا انتخاب کریں گے۔

اکیڈمک اور جنرل ٹریننگ

## IELTS اکیڈمک

یہ ان ٹیسٹ دینے والوں کے لیے ہے جو انڈر گریجویشن یا پوسٹ گریجویشن میں داخلے کی خواہش رکھتے ہیں۔ اس میں وہ بھی شامل ہیں جو پروفیشنل رجسٹریشن کے متلاشی ہیں۔


## IELTS جنرل ٹریننگ

یہ ان ٹیسٹ دینے والے امیدواروں کے لیے ہے جو انگریزی زبان بولنے والے ممالک (آسٹریلیا، کینیڈا، نیوزی لینڈ، یو کے) میں مستقل سکونت اختیار کرنا چاہتے ہیں۔ اس میں وہ لوگ بھی شامل ہیں جو ڈگری لیول سے نیچے تعلیم حاصل کرنا چاہتے ہیں یا ٹریننگ چاہتے ہیں۔

ہر آرگنائزیشن میں داخلے کے لیے کچھ بنیادی عوامل ہوتے ہیں جن کا تعین وہ خود کرتی ہیں۔ بعض صورتوں میں اکیڈمک اور جنرل ٹریننگ دونوں قابلِ قبول ہوتے ہیں۔ اگر آپ اس سلسلے میں کسی قسم کی الجھن کا شکار ہیں تو پہلے اُس آرگنائزیشن سے رابطہ کر کے اس کی IELTS کی ضرورت معلوم کریں جہاں آپ جانے کے خواہش مند ہیں۔

آپ کی لینگویج کی جانچ 4 صلاحیتوں پر کی جائے گی۔ اس میں لسننگ، ریڈنگ، رائٹنگ اور اسپیکنگ شامل ہیں۔ کسی بھی جسمانی معذوری کی بنیاد پر آپ کو اس سے مستثنیٰ قرار دیا جا سکتا ہے (Special Requirement کا سیکشن ملاحظہ کریں)۔ اسپیکنگ اور لسننگ کے ٹیسٹ سب کے لیے یکساں ہیں جب کہ ریڈنگ اور رائٹنگ کے ٹیسٹ IELTS جنرل اور اکیڈمک ٹریننگ کے لیے علیحدہ علیحدہ ہیں۔

لسننگ، ریڈنگ، اور رائٹنگ کے ٹیسٹ ایک ہی دن لیے جائیں گے لیکن ان کی ترتیب میں ردوبدل ہوسکتا ہے۔ ان تینوں ٹیسٹ کے درمیان کوئی بریک نہیں دیا جائے گا۔ اسپیکنگ کا ٹیسٹ باقی 3 ٹیسٹ سے 7 دن پہلے یا بعد میں لیا جائے گا۔



# IELTS ٹیسٹ کے 4 اہم حصے

## لسننگ (سننا)

**وقت** تقریباً 30 منٹ (اضافی 10 منٹ ٹرانسفر ٹائم)

### سوالات

اس میں 40 سوالات شامل ہیں ۔ جن میں کئی طرح کے سوالات کی اقسام کا استعمال کیا گیا ہے، جیسے: ملٹی پل چوائس، میچنگ، پلان/میپ/ڈائی گرام پر لیبل لگانا، فارم کی تکمیل، نوٹ کی تکمیل، ٹیبل (فہرست) کی تکمیل، Flow chart کی تکمیل، خلاصے کی تکمیل، جملے کی تکمیل، مختصر سوالات و جوابات وغیرہ۔

### ٹیسٹ کے سیکشن

اس ٹیسٹ کے چار سیکشن ہیں۔

**سیکشن 1** کے اندر روزمرہ کے سماجی تناظر میں دولوگوں کے درمیان گفتگو ہوتی ہے ۔ جیسے دولوگوں کے درمیان کسی رہائشی ایجنسی میں گفتگو

**سیکشن 2** کے اندر روزمرہ کے سماجی تناظر میں ایک فرد کی بات چیت ہے۔ جیسے مقامی سہولیات کے بارے میں تقریر یا کسی کانفرنس میں کھانے کے انتظام سے متعلق بات۔

**سیکشن 3** کے اندر چار تک لوگوں کے درمیان کسی تعلیمی یا تربیتی تناظر میں گفتگو ہوتی ہے۔ جیسے یونیورسٹی ٹیوٹر اور اسٹوڈنٹس کسی اسائنمنٹ پر بات چیت کر رہے ہیں یا اسٹوڈنٹس کا ایک گروپ ریسرچ پروجیکٹ پر کام کر رہا ہے۔

**سیکشن 4** میں ایک تعلیمی موضوع پر متکلم آپ ہی آپ گفتگو کرتا ہے (جیسے: یونیورسٹی کا لیکچر)۔

ہر سیکشن صرف ایک بار ہی سنا جائے گا۔

آوازوں اور تلفظ کی مختلف اقسام استعمال کی جائیں گی۔

اسکورز whole اور half بینڈز میں بیان کیے جاتے ہیں۔

### صلاحیتوں کی جانچ

سننے کی بہت سی صلاحیتوں کی جانچ کی جاتی ہے۔ جس میں درج ذیل شامل ہیں۔

- بنیادی نقطے (خیال) کی سمجھ
- مخصوص حالات پر مبنی حقائق کی تفہیم
- بولنے والے کی رائے، رویے اور مقصد کو شناخت کرنا
- بحث و مباحثے میں زیرِ غور موضوع کی سمجھ اور اس پر مزید پیش رفت

### مارکنگ (Marking)

ہر درست جواب پر 1 مارک دیا جائے گا۔ ٹوٹل 40 میں سے حاصل کیے گئے نمبر IELTS کے 9 بینڈ اسکیل میں تبدیل کیے جائیں گے۔

## ریڈنگ (Reading)

**وقت** 60 منٹ (اضافی ٹرانسفر ٹائم کے بغیر)

### سوالات

اس میں ٹوٹل 40 سوالات ہوتے ہیں۔ مندرجہ ذیل میں دی گئی سوالات کی مختلف اقسام سے سوالات پوچھے جاتے ہیں۔ اس میں ملٹی پل چوائس، انفارمیشن کی شناخت (صحیح، غلط، جواب موجود نہیں)، لکھاری کے موقف یا رائے کی جانچ (صحیح، غلط، جواب موجود نہیں)، انفارمیشن (معلومات) میچ کرنا، ہیڈنگ (سرخیاں) میچ کرنا، فیچرز میچ کرنا، جملوں کے آخر کا حصہ میچ کرنا، جملوں کی تکمیل، سمری کی تکمیل، نوٹ کی تکمیل، فہرست کی تکمیل، فلو چارٹ کی تکمیل، تصویر پر لیبل لگا کر اسے مکمل کرنا، مختصر سوالات و جوابات شامل ہیں۔

### ٹیسٹ کے حصے

اس ٹیسٹ کے 3 حصے ہیں، جس میں زیادہ سے زیادہ 2,750 اور کم سے کم 2,150 الفاظ استعمال کیے جاسکتے ہیں۔

### اکیڈمک ریڈنگ

ہر سیکشن میں ایک طویل ٹیکسٹ ہوتا ہے جو کہ تمام تر مستند کتابوں، میگزینز اور اخبارات سے لیا جاتا ہے۔ یہ تمام ٹیکسٹ غیر ماہر افراد کے لیے عام دلچسپی کے تعلیمی موضوعات پر لکھے گئے ہیں۔ یہ تمام تر مواد انڈر گریجویٹ یا پوسٹ گریجویٹ یا پروفیشنل رجسٹریشن حاصل کرنے والے ٹیسٹ امیدواروں کے لیے مناسب اور قابلِ رسائی ہے۔ اس ٹیکسٹ میں تمام تر مواد وضاحتی، حقائق پر مبنی، مدلل اور تجزیات پر مبنی ہوتا ہے۔ اس مواد میں تصاویر، گراف یا illustrations بھی ہوسکتی ہیں۔ کسی قسم کی تکنیکی اصطلاحات شامل ہونے کی صورت میں glossary مہیا کی جاتی ہے۔

## جنرل ٹریننگ ریڈنگ

**سیکشن 1** میں حقائق پر مبنی دو یا تین مختصر ٹیکسٹ ہوتے ہیں۔ جن میں سے ایک ٹیکسٹ جامع ہوگا۔ اس میں 8-6 مختصر ٹیکسٹ موضوع کی مناسبت سے ہوں گے (جیسے: ہوٹل ایڈورٹائزمنٹ) تمام موضوعات انگریزی بولنے والے ممالک میں روزمرہ کی زندگی سے متعلق ہوتے ہیں۔

**سیکشن 2** میں حقائق پر مبنی 2 مختصر ٹیکسٹ ہوتے ہیں جن میں کام سے متعلق مسائل پر زور ہوتا ہے۔ (جیسے: ملازمت کے لیے درخواست دینا، کمپنی کی پالیسیوں، ادائیگی اور ضوابط، کام کی جگہ پر سہولیات، اسٹاف کی ترقی اور تربیت)۔

**سیکشن 3** میں ایک بڑا ٹیکسٹ عام دلچسپی کے موضوع پر ہوتا ہے۔

تمام تر ٹیکسٹ مستند نوٹس، اشتہارات، کمپنیوں کی ہینڈ بک، آفیشل دستاویزات، کتابوں، میگزین اور اخبارات سے لیا جاتا ہے۔

## صلاحیتوں کی جانچ

ریڈنگ (پڑھنے) کی بہت سی صلاحیتوں کی جانچ کی جاتی ہے۔ جس میں درج ذیل شامل ہیں۔

- خلاصے کے لیے پڑھنا
- بنیادی خیال کے لیے پڑھنا
- تفصیلات کے لیے پڑھنا
- افہام وتفہیم
- لکھاری کے رائے، رویے اور مقصد کو شناخت کرنا
- بحث ومباحثے میں زیرِ غور موضوع کی سمجھ اور اس پر مزید پیش رفت

## مارکنگ (Marking)

ہر درست جواب پر 1 مارک دیا جائے گا۔ ٹوٹل 40 میں سے حاصل کیے گئے نمبرز IELTS کے 9 بینڈ اسکیل میں تبدیل کیے جائیں گے۔

اسکورز whole اور half بینڈز میں بیان کیے جاتے ہیں۔

ٹیسٹ کی تفصیلات کے لیے ملاحظہ کریں www.ielts.org/testtakers

مارکنگ کی معلومات کے لیے ملاحظہ کریں www.ielts.org/criteria

سیمپل سوالات کے لیے ملاحظہ کریں www.ielts.org/samples

## رائٹنگ (لکھنا)

**وقت** 60 منٹ

## ٹاسک

اس ٹیسٹ میں 2 ٹاسک ہیں۔ آپ کو ٹاسک **1** کے لیے کم از کم 150 الفاظ اور ٹاسک **2** کے لیے کم از کم 250 الفاظ لکھنے ہیں۔

## ٹیسٹ کے حصے

اس ٹیسٹ کے ٹوٹل 2 حصے ہیں۔

## اکیڈمک رائٹنگ

**ٹاسک 1** میں آپ کو گراف، فہرست، چارٹ یا ڈائی گرام دی جاتی ہے اور ان کی وضاحت، خلاصہ یا بیان آپ کو اپنے الفاظ میں بیان کرنے کا کہا جاتا ہے۔ آپ کو دیئے گئے ڈیٹا کی وضاحت کرنے، کسی عمل کے پروسس کی وضاحت کرنے، کوئی چیز کس طرح کام کرتی ہے یا کسی چیز یا واقعے کی وضاحت کرنے کے لیے بھی کہا جا سکتا ہے۔

**ٹاسک 2** میں آپ کو کسی نقطہء نظر، بحث یا مسئلے کے جواب میں مضمون لکھنے کا کہا جاتا ہے۔

اس قسم کے ٹاسک میں عام دلچسپی کے ایسے مسائل شامل کیے جاتے ہیں جو انڈر گریجویٹ، پوسٹ گریجویٹ یا پروفیشنل رجسٹریشن کی خواہش رکھنے والے امیدواروں کے لیے نہ صرف موزوں ہوتے ہیں بلکہ وہ انہیں با آسانی سمجھ بھی سکتے ہیں۔ ٹاسک 1 اور ٹاسک 2 کے جوابات تعلیمی، نیم رسمی/ غیر جانبدارانہ انداز میں لکھنے چاہئے۔

## جنرل ٹریننگ رائٹنگ

**ٹاسک 1** میں آپ کو ایک صورتحال پیش کی جاتی ہے اور آپ سے اس کے متعلق مزید جاننے یا معلومات دریافت کرنے کے لیے درخواست لکھنے کا کہا جاتا ہے۔ ایسے موقع پر آپ کے لکھنے کا انداز ذاتی نوعیت، نیم رسمی/ غیر جانبدارانہ ہونا چاہئے۔

**ٹاسک 2** میں آپ سے کسی نقطہ نظر، دلیل یا مسئلے کے ردِ عمل میں ایک مضمون لکھنے کو کہا جاتا ہے۔ اس مضمون کے لکھنے کا انداز اکیڈمک رائٹنگ ٹاسک 2 کے مقابلے میں تھوڑا سا ذاتی ہو سکتا ہے۔

تمام تر موضوعات عام دلچسپی کے ہوتے ہیں۔

## صلاحیتوں کی جانچ

دونوں ٹاسک میں، آپ کی جوابات لکھنے کی جن صلاحیتوں کی جانچ ہوتی ہے وہ درج ذیل ہیں۔

- مواد
- خیالات کا منظم ہونا
- درست گرامر اور الفاظ کا استعمال

## اکیڈمک رائٹنگ

**ٹاسک 1** میں، کام کی قسم پر منحصر ہے، آپ کی جانچ منظم کرنے، اعداد و شمار کو پیش کرنے اور ممکنہ طور پر آپس میں موازنہ کرنے کی صلاحیت کا تعین، کسی عمل یا طریقہ کار کے مراحل کی وضاحت، کسی شے یا واقعے یا واقعات کی ترتیب بیان کرنے، کوئی شے کیسے کام کرتی ہے اس کی وضاحت کرنے پر کی جاتی ہے۔

**ٹاسک 2** میں کام کی قسم پر منحصر ہے، آپ کی جانچ کسی مسئلے کا حل پیش کرنے، کوئی رائے پیش کرنے اور اس کا جواز دینے، ثبوت کا موازنہ کرنے اور اسی ثبوت کے برعکس رائے کا موازنہ کرنے، رائے اور مضمرات کرنے، کسی خیال کی جانچ کرنے، گواہی یا دلیل دینے پر کی جاتی ہے۔

## جنرل ٹریننگ رائٹنگ

**ٹاسک 1** میں کام کی قسم پر منحصر ہے آپ کی قابلیت کی جانچ ذاتی خط و کتابت میں، عام حقائق پر مبنی معلومات حاصل کرنے اور ان معلومات کو مہیا کرنے، ضروریات کا اظہار، حاجت، پسند، ناپسند، رائے دہی (نظریات، شکایات وغیرہ) کا اظہار کرنے میں مشغول ہونے پر کی جاتی ہے۔

**ٹاسک 2** میں آپ کی جانچ عام حقائق پر مبنی معلومات مہیا کرنے کی قابلیت، کسی بھی مسئلے کا خاکہ بنانے اور اس کا حل پیش کرنے، اپنی رائے پیش کرنے اور اس کا جواز دینے، خیالات، شہادتوں یا دلیل کا اندازہ لگانے اور چیلنج کرنے پر کی جاتی ہے۔

## مارکنگ

IELTS کے سند یافتہ ممتحن IELTS کے تحریری امتحان میں معیار کی تشخیص (Test Achievement/Response, Coherence and cohesion, Lexical Resource, Grammatical Range and Accuracy) کے مطابق ہر ٹاسک کی جانچ کرتے ہیں تا کہ آپ کی کارکردگی کا جامع جائزہ لیا جائے۔

کارکردگی کی جانچ کا عوامی ورژن ویب سائٹ www.ielts.org/criteria پر ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔

ٹاسک 2 رائٹنگ اسکور میں ٹاسک 1 کے مقابلے میں دوگنا ہے۔

اسکورز whole اور half بینڈز میں بیان کیے جاتے ہیں۔

## اسپیکنگ (بولنا)

**وقت** 11 سے 14 منٹ

## ٹیسٹ کے حصے

اس ٹیسٹ کے تین حصے ہوتے ہیں۔

### پارٹ 1 تعارف اور انٹرویو (4-5 منٹ)

ممتحن ٹیسٹ دینے والے امیدوار سے اپنا تعارف کرواتا ہے اور ساتھ ہی امیدوار سے بھی اپنا تعارف کروانے کا کہتا ہے۔ ممتحن آپ سے ایسے عام سوالات پوچھتا ہے جن سے آپ واقف ہوتے ہیں۔ جیسے: گھر، خاندان، کام، تعلیم اور عام دلچسپیاں

### پارٹ 2 انفرادی اسپیکنگ (3-4 منٹ)

ممتحن آپ کو ٹاسک کارڈ دیتا ہے جس میں آپ کو کسی مخصوص موضوع پر بات کرنے کا کہا جاتا ہے۔ اس میں شامل پوائنٹس کا احاطہ آپ اپنی بات میں کر سکتے ہیں۔ آپ کو تیاری کے لیے 1 منٹ کا وقت دیا جاتا ہے۔ جس کے بعد آپ 2-1 منٹ تک اس موضوع پر بات کرتے ہیں۔ اس کے بعد ممتحن آپ سے اسی موضوع پر 2-1 سوالات بھی کرسکتا ہے۔

### پارٹ 3 دوطرفہ بات چیت (4-5 منٹ)

ممتحن آپ سے مزید سوالات کرتا ہے۔ ان سوالات کا تعلق پارٹ 2 سے ہوتا ہے۔ ان سوالات میں آپ کو خیالات اور تجریدی مسائل سے متعلق گفتگو کا موقع فراہم ہوتا ہے۔ صلاحیتوں کی جانچ گفتگو کی بے شمار صلاحیتوں سے کی جاتی ہے۔ جس میں شامل ہیں:

## صلاحیتوں کی جانچ

- روزمرہ کے موضوعات اور تجربات پر مختلف انداز میں پوچھے گئے سوالات پر اپنی رائے اور معلومات دینے کی قابلیت
- دیئے گئے موضوع پر مناسب الفاظ / زبان اور منظم طریقے سے خیالات کا زیادہ وقت تک کے لیے اظہارِ خیال کرنا
- جواز کے ساتھ اپنی رائے کا اظہار کرنا، مسائل کا تجزیہ کرنا، اس پر بات چیت کرنا اور اس کے لیے قیاس آرائی کرنا

## مارکنگ

IELTS کے سند یافتہ ممتحن IELTS کے تحریری امتحان میں معیار کی تشخیص (Test Achievement/Response, Coherence and cohesion, Lexical Resource, Grammatical Range and Accuracy) کے مطابق ہر ٹاسک کی جانچ کرتے ہیں تا کہ آپ کی کارکردگی کا جامع جائزہ لیا جائے۔

کارکردگی کی جانچ کا عوامی ورژن ویب سائٹ www.ielts.org/criteria پر ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔

اسکورز whole اور half بینڈز میں بیان کیے جاتے ہیں۔

# ٹیسٹ ٹپس

## لسننگ

- لسننگ ٹیسٹ میں ہر ریکارڈنگ صرف ایک بار سنی جاتی ہے۔
- آپ کو سننے سے پہلے سوالات پڑھنے کے لیے وقت دیا جائے گا۔
- ریکارڈنگ سننے کے بعد فوراً اپنے جوابات سوالنامے پر لکھیں۔ٹیسٹ کے آخر میں جوابات، جواب نامے میں منتقل کرنے کے لیے10 منٹ دیئے جائیں گے۔یہ نہایت ضروری ہے کہ آپ اپنے تمام تر جوابات، جواب نامے میں درج کریں کیونکہ سوالنامے پر لکھے جانے والے جوابات پر مارکنگ نہیں کی جائے گی۔
- تمام جوابات صرف پینسل سے لکھے جائیں گے۔

Completion۔۔۔سوالات کی قسم

- الفاظ کی حد پر دھیان رکھیں۔اگر کسی جواب کے لیے2 الفاظ کی حد مقرر ہے تو اس کا جواب 2 سے زائد الفاظ میں نہیں دیں۔جیسے اگر جواب leather coat ہے اور آپ جواب میں coat made of leather لکھ رہے ہیں (جو کہ 2 الفاظ سے زیادہ ہیں)،اس صورت میں جواب "غلط" تصور کیا جائے گا۔
- جواب نامے میں صرف missing لفظ/الفاظ درج کریں۔
مثلاً اگر آپ کو ایک نوٹ مکمل کرنا ہو جو کہ ...in the ہو جب کہ اس کا درست جواب morning ہو۔اس صورت میں آپ کا جواب in the morning غلط تصور کیا جائے گا۔
- ریکارڈنگ میں آپ وہ الفاظ سنیں گے جنہیں استعمال کرنے کی آپ کو ضرورت ہو گی۔آپ کو ان الفاظ کی form تبدیل کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔
- اسپیلنگ اور درست گرامر پر دھیان دیں۔ان میں غلطی مارکس کٹنے کا سبب بن سکتی ہے۔
- آپ lower case یا capitals میں جواب درج کر سکتے ہیں۔

## ریڈنگ

- آپ اپنے جوابات براہِ راست جواب نامے میں درج کر سکتے ہیں۔اگر آپ چاہیں تو یہ جوابات پہلے سوال نامے میں درج کر لیں اور پھر بعد میں جواب نامے میں منتقل کر لیں لیکن اس بات کا خیال رکھیں کہ آپ یہ عمل ٹیسٹ کا وقت ختم ہونے سے پہلے ہی کر لیں۔جواب نامے میں جوابات درج کرنے کے لیے کسی قسم کا اضافی وقت نہیں دیا جائے گا۔سوال نامے پر لکھے گئے کسی بھی جواب پر نمبر نہیں دیئے جائیں گے۔
- تمام جوابات پنسل سے درج کریں۔

Completion۔۔۔سوالات کی قسم

- اس کے لیے (اوپر) لسننگ سیکشن میں موجود completion سوالات ٹائپ ملاحظہ کریں۔یہاں بھی اسی انداز میں عمل درآمد کیا جائے گا۔
- ریڈنگ ٹیکسٹ میں دیئے گئے الفاظ کا استعمال کیا جانا چاہیئے۔آپ کو ان الفاظ کی form تبدیل کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

## رائٹنگ

- آپ اپنے جوابات پین یا پنسل سے درج کر سکتے ہیں۔
- الفاظ کی حد پر دھیان دیں۔ٹاسک 1 کے لیے کم از کم 150 اور ٹاسک 2 کے لیے کم از کم 250 الفاظ استعمال کریں۔ایسا نہ کرنے کی صورت میں نمبر کاٹے جاتے ہیں۔
- آپ ٹاسک 1 کو تقریباً 20 منٹ اور ٹاسک 2 کو تقریباً 40 منٹ دیں۔
- آپ مکمل جواب تحریر کریں۔بلٹ یا پوائنٹ کی شکل میں جوابات دینے پر نمبر کاٹے جاتے ہیں۔
- اسپیلنگ، درست گرامر اور punctuation پر دھیان دیں۔ان میں غلطی مارکس کٹنے کا سبب بن سکتی ہے۔
- آپ سوال نامے پر اہم پوائنٹ نوٹ کر سکتے ہیں لیکن اس پر لکھے گئے کسی بھی جواب پر نمبر نہیں دیئے جاتے ہیں
- اگر آپ چاہیں تو اپنے جوابات مکمل طور پر capital letters میں لکھ سکتے ہیں۔

# ٹیسٹ کے نتائج

## ٹیسٹ رپورٹ فارم

آپ کو جو ٹیسٹ رپورٹ فارم وصول ہوگا اس پر تمام 4 صلاحیتوں (لسننگ، ریڈنگ، رائٹنگ اور اسپیکنگ) کے اسکور کے ساتھ IELTS میں حاصل کیا گیا بینڈ اسکور بھی درج ہو گا۔ ہاف بینڈ اسکور ایک مخصوص بینڈ کے اندر بہترین کارکردگی کی نشاندہی کرنے کے لیے دیا جا سکتا ہے۔ اسکور پروسسنگ اور اس کی تشریح کے لیے ویب سائٹ ملاحظہ کریں www.ielts.org/criteria

ٹیسٹ کے نتائج، ٹیسٹ کے 13 کلینڈر دنوں کے بعد جاری کر دیئے جائیں گے۔ کچھ ٹیسٹ سینٹرز پر امیدوار اپنے نتائج 13 ویں دن حاصل کر سکیں گے۔ البتہ 13 ویں دن یہ نتائج امیدواروں کو ارسال کر دیئے جائیں گے۔ ٹیسٹ مراکز کو نتائج بذریعہ فون، فیکس یا ای میل بھیجنے کی اجازت نہیں ہے۔

آپ کو ٹیسٹ رپورٹ فارم کی صرف ایک نقل مہیا کی جائے گی۔ آپ کے لیے لازمی ہے کہ اسے احتیاط سے رکھیں کیونکہ متبادل ٹیسٹ رپورٹ فارم مہیا نہیں کی جائے گی۔ ٹیسٹ مراکز آپ کے ٹیسٹ رپورٹ فارم کی 5 تک کاپیاں آرگنائزیشنز کو بنا کسی چارجز کے بھیج سکتے ہیں۔

## اپنا نتیجہ آن لائن دیکھیں

آپ اپنے ٹیسٹ نتیجے کا آن لائن جائزہ ٹیسٹ کے بعد 13 کلینڈر دنوں میں کر سکتے ہیں۔ یہ نتائج 28 دنوں تک آن لائن دستیاب ہوں گے۔ براہِ مہربانی اس بات کو نوٹ کر لیں کہ ہمارے IELTS نتائج کا آن لائن جائزہ آپ کی ٹیسٹ میں کارکردگی کی آفیشل کنفرمیشن کے لیے استعمال نہیں کیا جا سکتا۔

## IELTS ٹیسٹ دوبارہ دینا

ٹیسٹ دوبارہ دینے کی کوئی ممانعت نہیں ہے۔ آپ کو جب محسوس ہو کہ آپ دوبارہ ٹیسٹ دینے کے لیے بالکل تیار ہیں تو خود کو رجسٹر کروالیں۔ ٹیسٹ دوبارہ دینے سے قبل اس بات کو یقینی بنالیں کہ آپ نے اپنی انگریزی کو بہتر بنانے کے لیے خاطر خواہ محنت کی ہے ورنہ دوبارہ ٹیسٹ دینے سے بھی آپ کے نتائج پر کوئی فرق نہیں پڑے گا۔ مزید معلومات کے لیے ویب سائٹ ملاحظہ کریں www.ielts.org/resitting

## نتائج کے بارے میں پوچھ گچھ

اگر آپ اپنے IELTS ٹیسٹ نتائج سے مطمئن نہیں ہیں تو re-marking کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ یہ درخواست آپ اپنے ٹیسٹ مرکز پر ٹیسٹ تاریخ کے 6 ہفتوں کے اندر دے سکتے ہیں۔ اس میں آپ ٹیسٹ کے ان حصوں کی نشاندہی کریں گے جنہیں آپ دوبارہ چیک کروانا چاہتے ہیں۔ اس کام کے لیے فیس مقرر ہے لیکن re-mark میں نمبر بڑھنے کی صورت میں فیس واپس کر دی جائے گی۔ نتائج کے بارے میں پوچھ گچھ 8-6 ہفتوں میں مکمل ہوتی ہے۔

# IELTS میں کامیابی حاصل کرنے کے 5 مرحلے

## 1 انکوائری

دنیا بھر میں IELTS ٹیسٹ سینٹرز سے رابطہ کی تفصیلات کے لیے ویب سائٹ www.ielts.org ملاحظہ کریں۔ آپ اس ویب سائٹ سے درخواست فارم بھی ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔

## 2 رجسٹریشن

درخواست فارم کے ساتھ موصول ہونے والی تمام معلومات کا بغور مطالعہ کریں۔ درخواست فارم کو مکمل پُر کریں یا آن لائن رجسٹریشن کریں اور اسے اپنے قریبی ٹیسٹ سینٹر پر جمع کروادیں۔ آپ درخواست فارم کے ساتھ ٹیسٹ فیس جمع کروائیں یا آن لائن پے منٹ کریں۔

اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ اپنے شناختی دستاویزات (پاسپورٹ یا قومی شناختی کارڈ) کا نمبر درج کریں اور ساتھ ہی اپنے شناختی دستاویزات کی رنگین فوٹو کاپی یا اسکین کیے گئے شناختی دستاویزات درخواست فارم کے ساتھ منسلک کریں۔ شناختی دستاویزات کا رجسٹریشن کے وقت درست ہونا ضروری ہے اور ٹیسٹ کے دن بھی وہی دستاویزات دکھانا لازمی ہے۔

## 3 تصدیق

ٹیسٹ سینٹر آپ کو ٹیسٹ کی تاریخ اور وقت کی تصدیق تحریری طور پر دے گا۔ آپ کے اسپیکنگ ٹیسٹ کا وقت بھی اسی دن شیڈول کیا جائے گا جس دن آپ کے تحریری ٹیسٹ لیے جائیں گے۔ اگر یہ اسپیکنگ ٹیسٹ اسی دن شیڈول نہ کیا گیا تو پھر دیگر ٹیسٹ سے 7 دن کے اندر یا بعد لیا جائے گا۔ اس سلسلے میں وقت کی تصدیق ٹیسٹ سینٹر کرے گا۔

## 4 ٹیسٹ کا دن

ٹیسٹ والے دن آپ کی شناخت کی جائے گی اور یہی عمل اسپیکنگ ٹیسٹ سے پہلے بھی دہرایا جائے گا۔ اپنی شناخت کے لیے جو دستاویزات آپ نے رجسٹریشن کے وقت ظاہر کیے تھے وہی دستاویزات آپ کو اس وقت بھی دکھانے ہوں گے۔ اضافی حفاظتی نقطہ نظر سے آپ کی ایک فوٹوگراف لی جائے گی اور پھر اسے آپ کی IELTS ٹیسٹ رپورٹ فارم پر بھی چسپاں کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ ہاتھ کی انگلیوں کا اسکین بھی لیا جا سکتا ہے۔

## 5 نتیجہ

نتیجے کا اعلان کلینڈر کے مطابق 13 دنوں میں کر دیا جائے گا۔ کچھ ٹیسٹ سینٹرز میں ٹیسٹ دینے والے 13 ویں دن ہی اپنے نتائج حاصل کر سکیں گے۔ جب کہ دیگر ٹیسٹ سینٹرز 13 ویں دن امیدواروں کو نتائج ارسال کر دیں گے۔ ٹیسٹ سینٹرز کو IELTS نتائج بذریعہ فون کال، اسکین یا ای میل بتانے کی اجازت نہیں ہے۔

آپ اپنے ٹیسٹ کے نتیجے کا آن لائن جائزہ ٹیسٹ کے بعد 13 کیلنڈر دنوں میں کر سکتے ہیں۔ یہ نتائج 28 دنوں تک آن لائن دستیاب ہوں گے۔ براہِ مہربانی اس بات کو نوٹ کر لیں کہ ہمارے IELTS نتائج کا آن لائن جائزہ آپ کی ٹیسٹ میں کارکردگی کی آفیشل کنفرمیشن کے لیے استعمال نہیں کیا جا سکتا۔

مزید معلومات کے لیے ویب سائٹ ملاحظہ کریں
http://www.britishcouncil.pk/exam/ielts

## ہمارے ساتھ بات چیت میں شامل ہوں

www.facebook.com/IELTS.BritishCouncilPakistan

## ہماری ویڈیوز دیکھیے

www.youtube.com/IELTSofficial

## آپ کی رازداری

IELTS ٹیسٹ پارٹنرز IELTS ٹیسٹ کے امیدواروں کے حقوق کی رازداری کے لیے حمایت کرتا ہے۔
مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں www.ielts.org/privacy

## IELTS درخواست

## پاکستان میں رہتے ہوئے دنیا میں ترقی کے دروازے کھولنے کا موقع

برٹش کونسل پاکستان کے 8 مختلف شہروں میں IELTS ٹیسٹ کی سہولت فراہم کرتا ہے۔ ان شہروں میں اسلام آباد، کراچی، لاہور، پشاور، ملتان، فیصل آباد، حیدرآباد اور گجرات شامل ہیں۔ آپ اپنی سہولت اور آسانی کے مطابق شہر کا انتخاب کر سکتے ہیں۔

برٹش کونسل کی ہمیشہ یہی کوشش رہی کہ آپ کے لیے ایسے آسان طریقے تلاش کیے جائیں جو آپ کو برٹش کونسل کے ساتھ IELTS دینے میں معاون ہوں۔

اب تک برٹش کونسل سے IELTS کرنے والے امیدواروں کے لیے لازم تھا کہ وہ درخواست فارم، شناختی دستاویزات کی نقل اور فیس برٹش کونسل کو ارسال کریں۔

لیکن اب ہمیں آپ کو یہ بتاتے ہوئے نہایت خوشی ہے کہ اگر آپ 24 اپریل 2014 کے بعد IELTS کے لیے درخواست برٹش کونسل سے منسلک پارٹنر ایجنٹ / IELTS ٹیوشن دینے والوں کے توسط سے دے رہے ہیں تو آپ کو اپنی سیٹ کنفرمیشن کے لیے شناختی دستاویزات برٹش کونسل نہیں بھیجنے ہوں گے۔

براہِ مہربانی نوٹ فرمائیں کہ IELTS ٹیسٹ کے لیے براہِ راست درخواست دینے کی صورت میں آپ کو درخواست فارم کے ہمراہ شناختی دستاویزات بھی منسلک کرنی ہوں گی۔ تاہم آپ برٹش کونسل کے ساتھ رجسٹریشن کے لیے اپنی تصاویر ارسال نہیں کریں گے۔

ٹیسٹ میں کامیابی کے لیے ہماری نیک تمنائیں آپ کے ساتھ ہیں!

## ٹیسٹ کے مقام کی تفصیلات

امیدواروں کو ٹیسٹ کے لیے نشستیں "پہلے آیئے پہلے پایئے" کی بنیاد پر مختص کی جاتی ہیں۔ اس لیے ہم امیدواروں کو مشورہ دیتے ہیں کہ وہ اپنی مطلوبہ تاریخ پر ٹیسٹ دینے کے لیے پہلے سے رجسٹریشن کروائیں۔
امیدواروں کو ٹیسٹ سے 7-5 دن قبل ٹیسٹ کے مقام کے بارے میں مطلع کر دیا جائے گا۔ ایسا نہ ہونے کی صورت میں امیدوار اپنے متعلقہ ٹیسٹ سینٹر سے امتحان کی تاریخ سے کم از کم 3 دن پہلے رابطہ کر کے ٹیسٹ کے مقام کے بارے میں پوچھ سکتے ہیں۔
براہِ مہربانی نوٹ کر لیں کہ اسپیکنگ ٹیسٹ، رائٹنگ ٹیسٹ سے 7 دن قبل یا بعد میں منعقد کیا جا سکتا ہے۔

## IELTS امیدواروں کی شناخت کی تصدیق

کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ اور پاسپورٹ کے علاوہ کوئی بھی شناختی دستاویز قابلِ قبول نہیں ہوگی۔ ایسے امیدوار جن کے پاس ٹیسٹ کے وقت اصل اور باضابطہ شناختی دستاویز موجود نہیں ہوں انہیں کسی بھی صورت ٹیسٹ دینے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہیں ٹیسٹ میں غیر حاضر قرار دیا جائے گا اور فیس بھی واپس نہیں کی جائے گی۔

ایسے امیدوار جو اپنے ملک سے باہر کسی دوسرے ملک میں ٹیسٹ دے رہے ہیں ان کے لیے لازمی ہے کہ وہ اپنے باضابطہ پاسپورٹ کے ساتھ رجسٹریشن کروائیں۔

## فوٹوگراف

ٹیسٹ سیکیورٹی کے پیشِ نظر ٹیسٹ رپورٹ فارم اور امیدواروں کے ریکارڈ کے لیے تمام امیدواروں کی تصاویر ٹیسٹ والے دن ٹیسٹ پروسس شروع ہونے سے قبل بنائی جائیں گی۔ اب خواہ وہ لکھنے کا ٹیسٹ ہو یا اسپیکنگ ٹیسٹ ہو۔

## ٹیسٹ کے دن آپ کے پاس کیا لازمی ہونا چاہئے؟

- باضابطہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ (جس کے ساتھ آپ نے رجسٹریشن کروائی ہے) بمعہ venue letter
- اپنے شناختی دستاویزات کی صاف اور واضح فوٹو کاپی
- لکھنے سے متعلق اشیاء

## پاکستان میں موجود IELTS سینٹرز

برٹش کونسل پاکستان کے 8 شہروں میں IELTS ٹیسٹ آفر کرتا ہے۔ ان شہروں میں اسلام آباد، کراچی، لاہور، ملتان، فیصل آباد، پشاور، گجرات اور حیدر آباد شامل ہیں۔

ہم اسلام آباد، کراچی اور لاہور میں ہر ماہ 2 مرتبہ اور ملتان، فیصل آباد، پشاور، گجرات اور حیدر آباد میں ہر ماہ 1 مرتبہ ٹیسٹ کا انعقاد کرتے ہیں۔ ٹیسٹ کے لیے سیٹ "پہلے آیئے پہلے پایئے" کی بنیاد پر امیدواروں کو دی جاتی ہے۔ اسی لیے ہم ٹیسٹ کے امیدواروں کو تجویز دیتے ہیں کہ وہ ٹیسٹ کی تاریخ سے کم از کم 2 ماہ قبل رجسٹریشن کروالیں۔

## IELTS ٹیسٹ کے نتائج

اگر آپ بیرونِ ملک یونیورسٹیز میں بلامعاوضہ IELTS نتائج ارسال کروانا چاہتے ہیں (تقریباً 5) تو براہِ مہربانی اپنے درخواست فارم میں ان جگہوں کے مکمل پتے درج کریں۔

یہ سروس صرف رجسٹریشن کے وقت یا ٹیسٹ کے 4 ہفتوں کے اندر بلا معاوضہ حاصل کی جاسکتی ہے۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ درخواست فارم پر ایسی جگہوں کے ایڈریس درج کریں جہاں بذریعہ کوریئر IELTS نتائج ارسال کیے جا سکتے ہیں۔ براہِ مہربانی پی او باکس نمبر دینے سے اجتناب کریں۔

IELTS ٹیسٹ 16 سال سے کم عمر لوگوں کو تجویز نہیں کیا جاتا ہے۔ اگر وہ اپنی مرضی سے ٹیسٹ دینا چاہیں تو دے سکتے ہیں۔

مزید معلومات کے لیے ہماری ویب سائٹ وزٹ کریں

http://www.britishcouncil.pk

(رمضان میں اوقاتِ کار بروز پیر تا ہفتہ صبح 9:00 بجے تا شام 6:00 بجے تک ہیں)

ہمیں ای میل کریں info@britishcouncil.org.pk

## IELTS کا سفر

یہ ویڈیو آپ کو بتائے گی کہ آپ نے برٹش کونسل کے ساتھ اپنا IELTS کا سفر کیسے مکمل کرنا ہے۔ اس ویڈیو کو دیکھنے کے بعد آپ جان سکیں گے کہ IELTS کے لیے آپ کو کس طرح رجسٹریشن کروانی ہے، تیاری کیسے کرنی ہے اور ٹیسٹ درست انداز میں کیسے دینا ہے؟

http://www.britishcouncil.in/exam/ielts/courses-resources/ielts-videos/journey-ielts

## ہم سے رابطہ کریں

### سوالات؟

ہم سے آن لائن رابطہ کریں یا اپنے نزدیکی آفس کال ملائیں۔

آن لائن رابطہ کرنے کی صورت میں ہم جتنی جلدی ممکن ہو سکے آپ سے رابطہ کریں گے۔

براہِ مہربانی نوٹ کریں کہ برٹش کونسل انفارمیشن سینٹر (0800-22000) آفس کے اوقاتِ کار بروز پیر تا ہفتہ صبح 9:00 بجے تا شام 6:00 بجے تک ہیں۔

مزید معلومات کے لیے ہماری Customer Complaint Policy ملاحظہ کریں۔

### ہمیں کال ملائیں

اگر آپ پاکستان میں ہیں تو درج ذیل نمبر ملائیں

0800-22000

پاکستان سے باہر ہونے کی صورت میں

0092-4235880134

### ہم سے آن لائن رابطے کے لیے

اپنے سوالات وغیرہ کی معلومات کے لیے ای میل کریں

info@britishcouncil.org.pk

### IELTS برٹش کونسل سے ہی کیوں؟

برٹش کونسل کے ساتھ IELTS ٹیسٹ کے 10 اہم فوائد

1. قابلِ اعتماد۔ پاکستان میں سب سے پہلے 1994 میں برٹش کونسل کی جانب سے IELTS کا آغاز
2. ٹیسٹ کا عمل 100% دیانتداری کے ساتھ
3. منفرد آن لائن رجسٹریشن پروسس
4. پاکستان کے 8 بڑے شہروں (کراچی، لاہور، اسلام آباد، پشاور، ملتان، فیصل آباد، گجرات، حیدرآباد) میں IELTS سینٹرز کی موجودگی
5. آن لائن ادائیگی کا منفرد سسٹم
6. پورے سال کے لیے ٹیسٹ کی تاریخوں کی پیشگی اطلاع
7. آن لائن نتائج کا منفرد سسٹم
8. رجسٹرڈ امیدواروں کے لیے IELTS پریکٹس میٹیریل کی فراہمی
9. ٹیسٹ تاریخ، ٹیسٹ کا مقام اور نتائج وغیرہ کے لیے مفت SMS نوٹیفیکیشن
10. کسی بھی معذوری یا خصوصی ضروریات سے قطع نظر انگریزی زبان کی صلاحیتوں کی جانچ

## 5 آسان مراحل میں رجسٹریشن

- a ویب سائٹ وزٹ کریں www.britishcouncil.pk
- b "Register for IELTS now" پر کلک کریں
- c درخواست فارم پُر کریں اور شناختی دستاویزات اَپ لوڈ کریں
- d فیس کی ادائیگی کریں
- e رجسٹریشن مکمل!

---

## ہمارے دفاتر کی لوکیشن

**اسلام آباد**

برٹش ہائی کمیشن، ڈپلومیٹک انکلیو،

رمنا5، پی او باکس 1135 اسلام آباد

0800-22000

+92 (51) 111 425 425

info@britishcouncil.org.pk

**ملتان**

پی او باکس 88 ملتان

0800-22000

+92 (42) 111 425 425

info@britishcouncil.org.pk

**کراچی**

برٹش ڈپٹی ہائی کمیشن

شاہراہِ ایران، کلفٹن

پی او باکس 13811 کراچی

0800-22000

+92 (21) 111 425 425

info@britishcouncil.org.pk

**فیصل آباد**

پی او باکس 88 فیصل آباد

0800-22000

+92 (42) 111 425 425

info@britishcouncil.org.pk

**لاہور**

برٹش کونسل، 65 مزنگ روڈ،

پی او باکس 88 لاہور

0800-22000

+92 (42) 111 425 425

info@britishcouncil.org.pk

---

IELTS™

www.britishcouncil.pk

/IELTS.BritishCouncilPakistan

BRITISH COUNCIL

British Council is a proud co-owner of IELTS